تے ہوئے اپنے صوبہ کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ مجھ سے پہلے آنریبل منسٹر صاحب
وضاحت کی ہے کہ سندھ کے ممبران نے ایوب خان کے دور میں یہ لکھ کر دیا تھا کہ
یونٹ کا نظام جس میں سندھ کے کسانوں کا ، سندھ کے مزدوروں کا اور سندھ کے عوام
اجتماعی طور پر استحصال کیا گیا ہے ۔ تو اس ون یونٹ کے نظام کو توڑ دیا جائے ۔
ن ان کی کوئی نہ سنی گئی اس لئے کہ وہ آمریت کا توڑ تھا ۔ میں یہ کہنے کی اجازت
تا ہوں کہ ۱۹۵۶ء کا آئین اس لئے معطل کیا گیا تھا کہ ۱۹۵۷ء میں مغربی پاکستان
بلی نے یہ ریزولیوشن پاس کیا تھا کہ ون یونٹ کا نظام جو ہے مغربی پاکستان میں
م کر دیا جائے ۔ چونکہ اس نظام کے ذریعے چھوٹے صوبوں کا استحصال کیا گیا ہے ۔
ں کے لوگوں کا استحصال کیا گیا اور اس ایوان میں ایک ایسے بھی معزز رکن یہاں
ے ہیں ہمارے سندھ کے محترم آغا غلام نبی پٹھان ہیں جوکہ اس قرارداد کے پیش کرنے
الوں میں سے ایک تھے ۔ اورمیں یہ کہنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ ۱۹۵۶ء کا آئین اس لئے
وخ کیا گیا تھا کہ ون یونٹ ٹوٹنے نہ پائے اور سندھ کا استحصال جاری رہے ۔ اور
آپ نے دیکھا کہ سندھ کا استحصال ۱۹۵۸ء سے لے کر ۱۹۶۸ء تک اس آمریت کے
ریں جاری رکھا گیا ۔ لیکن سندھ کے ساتھ یہ ناانصافی ، سندھ کے ساتھ یہ ظلم اور
ھ کے ساتھ یہ جو برا دور سندھ کے لئے رہا اس کی کہانی ۱۹۵۸ء سے شروع نہیں ہوئی
بلکہ بقول میر نبی بخش صاحب کے ۱۹۵۴ء میں جب غلام محمد مرحوم نے خواجہ
الدین کی قانونی حکومت کو برطرف کیا تھا تو نہ صرف انہوں نے اس حکومت کو برطرف
بلکہ اس وقت کے قانون ساز ادارے کو بھی معطل کر دیا تھا ۔ انہوں نے اپنی کارروائیوں
یہاں تک ہی محدود نہیں کیا بلکہ اس زمانے میں جو سندھ اسمبلی جس نے ون یونٹ
ق میں قرارداد پاس کرنے سے انکار کردیا تھا اور اس کی جو جمہوری حکومت جس کے
ہ موجودہ وزیر قانون کے والد محترم جناب پیرزادہ عبدالستار تھے ان کی حکومت کو
قانونی طور پر برطرف کرنے کے بعد انہوں نے ایک ایسے شخص کو جس کو کہ قائداعظم رحہ
PRODA کیا ہوا تھا اور جس کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندی لگائی ہوئی تھی اس نے
ی کھوڑو سے PRODA ہٹایا اور اس کے بعد انہیں وزیر اعلیٰ مقرر کیا گیا اور
ں نے جس طریقے سے ون یونٹ کے حق میں قانون پاس کرایا وہ پاکستان کے با شعور
سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے ۔ تو ون یونٹ جو ہے بزور طاقت ، بزور آمریت اور
دھاندلی بنایا گیا تھا ۔ اور اس کے بعد جیسا کہ وزیر موصوف نے فرمایا کہ مشرقی
ستان کے حالات کے بارے میں کہ چونکہ وہاں exploitation ہوئی ۔ انہوں
س بات کا اعتراف کیا ہے کہ لوگوں کے ساتھ ناانصافیاں ہوئیں ۔ اور ایوب خان کے
ہیں ہی اس کا reaction ہوا تھا تو مجھے یہ کہنے کی اجازت دی جائے کہ میرے
ے ہیں اس سے کہیں زیادہ ظلم ہوا ہے کہ وہاں جو بیراج تعمیر کئے گئے ، وہاں جو

*Speech not corrected by the honourable Member.

نئی زمینیں آباد کی گیئں وہ وہاں کے بے زمین کسانوں کو دینے کی بجائے وہ باہر سے آئے ہوئے bureaucrats کے حوالے کی گیئں ۔ وہ باہر سے منگائے ہوئے لوگوں کے حوالے کی گیئں اور جن معاہدوں کے ساتھ انہوں نے یہ کہا ہے کہ اس نظام میں ہم بتدریج تبدیلیاں لا رہے ہیں ۔ تو جن معاہدوں کے ساتھ ۔ اور جن وعدوں کے ساتھ ہم برسر اقتدار آئے ہیں ۔ اور جن وعدوں پر عوام نے ہمیں ووٹ دئیے اور حکومت کرنے کا حق بخشا تو میں یہ کہوں گا کہ سندھ کے لوگوں نے بھی آپ سے اور آپ کی حکومت سے بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ کرتے ہوئے آپ کی پارٹی کو اکثریت میں سندھ کے کسانوں نے اس لئے کامیاب کرایا کہ وہ زمینیں جو آمریت کے دور میں وہاں کے کسانوں کے جو حقوق تھے ان کو معطل کرتے ہوئے ناجائز ذریعے سے bureaucrats کے حوالے کی گئیں وہ زمینیں ان bureaucrats سے چھین کر ان بے زمین کسانوں میں تقسیم کی جائیں جو کہ وہاں کے مقامی باشندے ہیں ۔ اس کے علاوہ دوسرا سوال جو میرے ذہن میں اٹھا ہے وہ یہ ہے کہ ماضی میں جب بھی کسی فوجی ٹولے نے یا فوجی آمر نے آئین کو معطل کیا تو اس نے نہ صرف آئین کو معطل کیا بلکہ اس کے ساتھ ہی legislature کو Parliament کو بھی اس نے بیک قلم ختم کر دیا ۔ تو اس لئے میرے ذہن میں یہ شک گذرتا ہے کہ خدا نہ کرے، خدا نہ کرے اگر آئندہ بھی ایسی سازشیں ہوئیں تو ماضی کی روایات کی طرح اگر آئین کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کو بھی ختم کر دیا تو اس صورت میں پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے اس قانون کو جو کہ آج آپ کے سامنے ہے اس کی کیا وقعت رہ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تیسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں جو کہ زہری صاحب نے بھی کی وہ یہ ہے کہ یہ قانون صرف دستور توڑنے والوں کے لئے ہی نہیں ہونا چاہئیے بلکہ ان کے لئے بھی ہونا چاہئیے جو اس ملک کے خلاف اب بھی سازش میں مصروف ہیں ۔ جناب والا میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمارے ملک میں کئی لوگ اب بھی موجود ہیں جو برملا یہ کہتے ہیں کہ ہم موجود، حکومت کو آئینی ، جمہوری یا عوام کی منتخب کی ہوئی حکومت نہیں سمجھتے ۔

وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم موجودہ نیشنل اسمبلی کو تسلیم نہیں کرتے۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں ۔ کہ ہم موجودہ پارلیمنٹ کو تسلیم نہیں کرتے ۔ اس صورت میں جو لوگ موجودہ پارلیمنٹ کو تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ کہ وہ شکست خوردہ آدمی جس نے ہمارے وزیر موصوف کے مقابلے میں شکست کھائی ۔ اور وہ خود لوگوں میں اس قسم کے شکوک و شبہات پیدا کر رہا ہے ۔ جب وہ اس پارلیمنٹ کو تسلیم نہیں کرتے ہیں ۔ تو اس صورت میں وہ اس پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کو کسطریقے سے تسلیم کریں گے ۔ تو ضرورت اس بات کی ہے ۔ کہ آئین کے تحت بنائے ہوئے اور اس پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے تمام قوانین کو پورے طریقے سے عمل میں لایا جائے اور ایسے لوگ جو برملا اس قسم کی باتیں کر رہے ہیں وہ لوگ اس ملک کو توڑنے کی سازش کر رہے ہیں کیونکہ یہ آئین متفق ہو کر بنایا گیا ہے ۔ اور اس آئین کو بھی ختم کرنے کے لئے ملک میں انارکی کے حالات پیدا کئے جائیں ۔ کہ آئین کو معطل کیا جا سکے اور اسمبلی کو ختم کیا جا سکے تو میں اپنی حکومت کے اراکین جو پارلیمنٹ میں یہ مسودہ قانون پیش کرنے کے ذمہ دار ہیں ۔ ان سے گذارش کرتا ہوں ۔ کہ اسطرف توجہ دیں ۔ (شکریہ) ۔

جناب نرگس زمان خان : *جناب چیئرمین - میں آپکی اجازت سے مختصراً عرض
کرنا چاہتا ہوں - کیونکہ میرے قابل احترام دوست اس انتظار میں ہیں - کہ ہم بھی اپنے
یالات کا اظہار کریں - تو جناب والا - جہانتک آئین کا تعلق ہے - یہ فرد واحد کا آئین
ہیں ہے - ایک ڈکٹیٹر کا نہیں - بلکہ یہ آئین اس ملک کے عوام کا دیا ہوا ہے - جنھوں
نے حکومت کو پیار ، محبت ، اخلاص بلکہ اس ناز سے منتخب کیا -

جناب والا - ایک طرف ان سرمایہ داروں کو مرغ اور شراب پوری طرح سے کھانے
کیلئے ملا کرتی ہے - اور انکے لئے کاریں اور ویگنیں کھڑی ہوتی ہیں - لیکن دوسری
ف پیپلز پارٹی چنے چبا کر اپنا پیٹ بھرتی ہے - تو اس ضمن میں میں یہ گذارش کرونگا - کہ
وہ آئین ہے - جس کا کہ چھبیس سال پہلے خواب نہیں دکھایا گیا - اور نہ ہی سابقہ
کومتوں نے اسکی طرف توجہ مبذول کرنیکی کوشش کی - تو جناب والا - یہ کوئی آسان
م نہیں یہ تماشا نہیں ہے - یہ ایک کھیل نہیں ہے - کہ رات دن کام کر کے قوم
کیلئے آئین جسے ضابطۂ حیات کہتے ہیں - مرتب کیا جائے - اور اسے مکمل کر کے
ش کیا جائے - بلکہ وہ بہت مشکل کام تھا - یہ وہ کام تھا - جس کے لئے ہمارے قائد عوام
نے وعدہ فرمایا جو انہوں نے پورا کیا تو یہ آئین پاکستانی عوام کا ہے - مزدوروں اور کسانوں
ہے - اور اس سے آگے میں یہ بھی کہتا ہوں - کہ یہ یتیموں کا تحفظ کرتا ہے - انہیں
نے حقوق دلائے گا - ان کا حق ہر مقام پر مقدم رکھا گیا ہے - اور رکھا جائیگا - تو جہانتک
گین غداری کا تعلق ہے - اسکے متعلق میں یہ عرض کرونگا - کہ ابھی ابھی ایک
تاب - - - -

جناب قمرالزمان شاہ : پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - کورم نہیں ہے - تو اسلئے
ہر جو ممبر صاحبان ہیں - ان کو بلوایا جائے تو بہتر ہوگا -

Mr. Chairman : Please count and ring the bell.

(After counting)

The House is in quorum. Yes Mr. Nargis Zaman, you continue plea

جناب نرگس زمان خان : تو جناب والا - میں سنگین غداری کے متعلق
ارش کر رہا تھا - اور جہانتک ہماری اس مقدس کتاب کا تعلق ہے - جو ابھی ابھی
س تحفے کے طور پر پیش کی گئی ہے - یہ بھی اس بات کی گواہ ہے - کہ اس سے بڑھ کر
ئی آئین اور کتاب مسلمان کیلئے نہیں آئی اور نہ آئندہ آئے گی - جس وقت کوئی غدار
ت ہوتا ہے تو اسے کوئی لمبی چوڑی مہلت نہیں دینی چاہئیے کیونکہ اس سے بہت سی
یاں پیدا ہوتی ہیں - اب بھی دیگر ممالک میں جہاں سوشلسٹ نظام ہے - وہاں بھی
ا ہوتا ہے - کہ ایک ہفتہ کے اندر اندر غدار کو سزا دی جاتی ہے - اس کا سر قلم کیا
ا ہے - میں اس لئے گذارش کرتا ہوں - کہ جو پاکستان کی سرزمین کیلئے ، پاکستان
نوم کیلئے اور پاکستان کے ملک کے خلاف کوئی قدم اٹھائے - اس کے لئے میں یہ تجویز
ں کرتا ہوں - کہ اسکی سزا موت ہو - تاکہ آئندہ کے لئے کوئی پاکستان کے خلاف
ی حرکت نہ کر سکے -

*Speech not corrected by the honourable Member.

جناب والا ۔ میں تھوڑا سا یہ بھی گذارش کرونگا ۔ کہ میرے بزرگوں نے جنکا حلیہ بزرگوں کی طرح ہے ۔ جن کے بال سفید ہیں ۔ اور وہ بڑے بڑے سیاستدان ہیں ۔ وہ کہتے ہیں ۔ کہ یہ جو پیپلز پارٹی ہے وہ کافر ہے ۔ اور کافرانہ نظام لانا چاہتی ہے ۔ حالانکہ یہ بات قطعاً غلط تھی ۔ اگر یہ پارٹی کافر یا منافق ہوتی ۔ تو وہ یہ کارنامہ سر انجام نہ دیتی جو یہ ہے ۔ کہ حج کے وزیر صاحب کا تقرر بہت سوچ سمجھ کے بعد کیا گیا ہے ۔ کیونکہ وزیر اوقاف و حج کی زیر نگرانی جتنے پاکستانی لوگ اس وقت اس نصف ٹکڑے سے حج کیلئے گئے ہیں ۔ دنیا میں اتنے مسلمان کسی حصے سے پہلے نہیں گئے ۔ جناب والا ۔ یہ بات نہیں ہے ۔ کہ یہ کافرانہ نظام لانا چاہتے ہیں ۔ بات یہ تھی کہ انکو بھٹو صاحب کی ذات سے اختلاف تھا ۔ پیپلز پارٹی کے ساتھ اختلاف تھا ۔ وہ پاکستانی مزدوروں اور بے کسوں کے خلاف کافرانہ فتوے لگا کر انہیں کچلنا چاہتے ہیں ۔ اور ایسا کچلنا چاہتے ہیں ۔ کہ اس سے پہلے کبھی ایسا نہیں کچلا گیا ۔ اور ان کو انسانوں میں شامل نہیں کیا ۔ اس میں کئی باتیں ہیں ۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے ۔ کہ سرمایہ داروں کی بیگمات ایک جگہ غسل فرما رہی تھیں ۔ وہاں سے ایک دیہاتی کا گزر ہوا ۔ اور یہ تفریح گاہ فیڈرل ایریا میں ہے تو کسی نے اعتراض کیا ۔ کہ آپ ان سے پردہ کر لیں ۔ لیکن انہوں نے بڑے اچھے انداز میں جواب دیا ۔ کہ جس وقت آپکی مستورات نالوں یا ان جگہوں میں غسل کرتی ہیں ۔ تو اس وقت ان کے قریب سے حیوانات گزرتے ہیں یا نہیں ۔ تو اس دیہاتی نے کہا ہاں گزرتے ہیں ۔ تو پھر بیگمات نے کہا ۔ کہ آپکی مستورات ان سے پردہ کرتی ہیں یا نہیں ۔ اس نے کہا نہیں وہ تو حیوان ہیں ۔ تو پھر انہوں نے کہا تم بھی حیوان ہو ۔ جناب والا ۔ یہ تو ان لوگوں کا خیال ہے ۔ اسلئے آخر میں اپنے اس پیارے آئین کی پرجوش تائید کرتا ہوں

Mr. Chairman: Yes. Mr. Ahsan-ul-Haq.

جناب احسان الحق : جناب چیئرمین ۔ میں نیشنل اسمبلی اور حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ کہ انہوں نے یہ بل پاس کیا ہے ۔ اور اس کا اطلاق ۱۹۵۶ء سے کیا ۔ اور میر صاحب نے اس بات کی بھی کسی حد تک نشاندہی کی ہے ۔ کہ جن لوگوں نے ۱۹۵۶ء سے آئین کو توڑنے یا مسخ کرنیکی کوشش کی ہے ۔ انکی گوشمالی ہوگی اور انکو سزا دی جائیگی ۔ اور نہایت ہی اچھا ہوگا ۔ کہ اگر یہ کام پوری طرح سر انجام دیا جائے ۔ جناب والا ۔ Constitution کے آرٹیکل "۶" میں لکھا ہوا ہے ۔

"6.—(1) Any person who abrogates or attempts or conspires to abrogate, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of force or show of force or by other unconstitutional means shall be guilty of high treason.

(2) Any person aiding or abetting the acts mentioned in clause (1) shall likewise be guilty of high treason."

یہاں پر جو ۱۹۵۶ء کے بارے میں ایک شق لکھی ہوئی ہے اس بل میں Section 2, part (a)

"2. A person who is found guilty—

(a) of having committed act of abrogation or subversion of a Constitution in force in Pakistan at any time since the Twenty-third day of March, 1956."

---

*Speech not corrected by the honourable Member.

[Mr. Ahsan-ul-Haq]

ں میں اور آرٹیکل ۶ میں بہت سا تضاد پایا جاتا ہے ۔ اگر یہ اچھا ہوتا کہ اسکے بجائے
ہاں پر اگر یہ ہو جاتا

"High treason" as defined in Article 6 of the Constitution.

کے بعد یہ کر دیا جاتا ۔ اسکا اطلاق یعنی کہ اس سارے ایکٹ کا اطلاق ۱۹۵۶ء سے
گا۔ ان معروضات کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : منسٹر صاحب کو تشریف رکھنی چاہئیے تھی تاکہ وہ اعتراض
یرہ سن لیتے ۔ طریقہ اور روایت بھی یہی ہوتی ہے ۔

That the Minister-in-Charge, who introduces a Bill and he wanted it to passed, he must be present in the House to hear arguments and objections.

Mr. Ihsanul-Haq : The Minister is to clarify. The position on this p because this part is ... ...

Mr. Chairman : It is very said. In the absence of the Ministers against traditions, they must be present to hear the objections.

Mr. Tahir Mohammad Khan : Sir, I wanted to make some submission this regard.

Mr. Chairman : In which regard? With regard to the Bill?

Mr. Ihsan-ul-Haq : On whose? Submission on behalf of the Minister on behalf of himself?

جناب طاہر محمد خان : *میں منسٹر صاحب کی طرف سے نہیں کر رہا بلکہ منسٹرز
بارے میں عرض کرونگا کہ یہ اچھی روایت نہیں ہے ۔ سینٹ کا اجلاس کئی دنوں
سلسل ہو رہا ہے ۔ لیکن یہاں پر ماسوائے خورشید حسن میر صاحب کے یا ایک
س میں جتوئی صاحب اور پیرزادہ صاحب ایک سیشن میں شریک ہوتے رہے ہیں ۔ منسٹر
بان یہاں موجود نہیں ہوتے ۔ اگر وہ یہاں موجود ہوں تو جو ہم گذارشات کرتے ہیں
ن لیا کریں ۔ کیونکہ جو ہم گذارشات کرتے ہیں بعض شاید انکے محکموں سے متعلق
ہیں اور بعض انکے محکموں کے امور سے متعلق ہوتی ہیں ۔ تو یقیناً ان کا یہاں موجود
مفید ہوگا ۔ انکے لئے بھی اور ہمارے لئے بھی مفید ہوگا ۔ آپ ہماری یہ گذارش منسٹر
ان تک پہنچا دیں کہ کم از کم دو چار منسٹر صاحبان سینٹ کے اجلاس میں موجود
کریں اس سے سینٹ کو بھی فائدہ ہوگا اور انکو بھی فائدہ ہوگا ۔

جناب چیئرمین : یہی تو میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ عام طریقہ بھی یہی ہے ۔
Conventi بھی یہی ہے اور tradition بھی یہی ہے ۔ شائستگی بھی
ہے ۔ کہ منسٹر صاحب ضرور موجود رہیں ۔ تاکہ وہ سنیں کہ ممبران کے اعتراضات
ہیں ۔ ممبران کے خیالات کیا ہیں اور انکی رائے کیا ہے ۔ اور وہ اس قابل ہوں کہ
جواب دے سکیں ۔

---

*Speech not corrected by the honourable Member.

I can take the horse to the river, but I cannot make him drink water. That is the difficulty. I cannot tie then down to their seats. All right. I cannot adjourn the House for securing presence of the Ministers.

جناب احمد وحید اختر: *حضور والا - میں آپکی وساطت سے اراکین نیشنل اسمبلی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - کہ انہوں نے اس بل کو منظور کیا اور آج ہم اس پر غور کر رہے ہیں - جناب والا - جب میں انہیں مبارکباد پیش کر رہا ہوں اس کے ساتھ ہی ساتھ بحیثیت ایک پاکستانی کے اپنے لئے یہ بات بڑی تکلیف دہ محسوس کرتا ہوں کہ ہمیں اس بات پر بھی ایک بل پاس کرنا پڑے گا کہ آئین کا اس میں تقدس و احترام کیا جائے- جناب والا - ماضی کی تاریخ شاہد ہے کہ اس ملک میں جمہوریت کو پنپنے نہیں دیا گیا - اگر پچیس سال میں جیسی بھی بھلی بری جمہوریت گذشتہ پانچ چھ سالوں میں تھی - چلتی رہتی تو آج ہرگز اس خطۂ پاک پر یہ صورتحال نہ ہوتی جو آج ہمارے سامنے ہے لیکن ۱۹۵۸ء میں جب ایوب خان نے آئین کو ختم کیا - قومی اسمبلی کو توڑا - صوبائی اسمبلیوں کو ختم کیا - اسکے بعد سے آمریت کا دور دورہ رہا - اور یہ طویل دور ان تمام خرابیوں اور برائیوں کی بنا - جن سے آج ہم دوچار ہیں -

جناب والا - یہ ایک مسلمہ اصول اور مسلمہ حقیقت ہے کہ جمہوریت کیسی بھی ہو وہ آمریت سے ہر لحاظ سے بہتر ہوتی ہے- آج پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کو- پیپلز پارٹی کو- اور اس قوم کو جن مسائل کا سامنا ہے - یہ تمام اسی دور آمریت کے پیدا کردہ ہیں- ہم محسوس کرتے ہیں- اور نہایت دیانتداری سے محسوس کرتے ہیں کیونکہ ہمارا واسطہ ہر روز اس ملک کے غریب عوام سے پڑتا ہے - انہیں بے پناہ مسائل و مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے - لیکن اسکی ذمہ داری پاکستان پیپلز پارٹی یا آج کے اراکین اسمبلی پر عائد نہیں ہوتی - یہ وہ مشکلات ہیں جو آج سے پہلے بارہ پندرہ سال پیدا کی گئیں - بارہ پندرہ سال میں یہ پودے اتنے بڑے اور زہریلے ہو گئے کہ انہیں پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے ختم کرنا اور پھر فوری طور پر یکدم ختم کرنا ناممکن نہیں تو بے حد مشکل ضرور ہے- اس لئے جناب والا - میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ انتہائی مختصر طور پر کیونکہ خورشید حسن میر صاحب نے نہایت تفصیل سے اور اسکے بعد میرے ساتھیوں نے اس معزز ایوان کے اراکین نے بھی بڑی تفصیل سے گذشتہ تاریخ پر روشنی ڈالی - پیشتر اسکے کہ میں اس بل کے بارےمیں آگے بڑھوں مجھے ایک اور بات عرض کرنا ہے- جو اس معزز ایوان کے رکن سید قربان علی شاہ نے سندھ کے ہاریوں کے بارے میں اور سندھ کے غریبوں کے بارے میں عرض کی - میں آپکی وساطت سے انکی خدمت میں عرض کرونگا کہ خواہ وہ سندھ کے ہاری ہوں - خواہ وہ پنجاب کے کسان ہوں - خواہ وہ سرحد کے کسان و مزدور ہوں خواہ وہ مشرقی پاکستان جسکو آج ہم با امر مجبوری بنگلہ دیش کہہ رہے ہیں - اسکے غریب عوام ہوں ان تمام کے مسائل بنیادی طور پر ایک جیسے ہیں- جناب والا - جب سندھ کے غریبوں کی بات کی جاتی ہے تو میں محسوس کرتا ہوں کہ وہی حالت پنجاب کے مزدوروں کی اور وہی حالت بلوچستان کے پسے ہوئے طبقے کی - اور وہی حالت سرحد کے لوگوں کی اور وہی حالت مشرقی پاکستان میں لاالہ الا اللہ محمد الرسول اللہ - پڑھنے والے

*Speech not corrected by the honourable Member.

[Mr. Ahmed Waheed Akhtar]

بھائیوں کی ہے۔ اگر اس درجہ استحصال نہ کیا جاتا اگر سرمایہ داری اور جاگیر داری کا تسلط اتنی دیر تک اور اتنی شدت سے یہاں نہ رہتا تو آج بارہ کروڑ مسلمانوں کا ملک سمٹ کر پانچ کروڑ کا نہ رہ جاتا۔ جناب والا۔ یہ اسی نظام کی خرابی تھی۔ یہ اُن حکومتوں کی خرابیاں تھیں۔ ہم لوگ اس نظام کے کچلے ہوئے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم اس نظام کو بدلیں گے۔ حضور والا۔ میں آپکی وساطت سے اس معزز ایوان کے اراکین کو یہ بات یاد دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس مختصر سے دور۔ حکومت میں بھرپور کوشش کی کہ ان پچیس سالہ پرانے اثرات کو یکے بعد دیگرے ختم کیا جائے۔ اور جمہوری طریقوں سے ان اثرات کو ختم کیا جائے۔ ان اثرات کو اس طریقے سے ختم کیا جائے جیسے کہ ہم نے اپنے منشور میں وعدہ کیا ہے۔ پیشتر اسکے کہ پانچ سال کا وقت جو لوگوں نے ہمیں حکومت کرنے کیلئے دیا ہے یہ ختم ہو۔ ہم اپنے وعدے بڑی حد تک پورے کریں۔

جناب والا۔ جیسے کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ اگر آئینی حکومت اس ملک میں رہتی تو آج ہمیں بہت سے جمہوری ادارے ورثے میں ملتے۔ لیکن جب پاکستان پیپلز پارٹی کو اقتدار دیا گیا۔ آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں اسوقت تمام جمہوری ادارے جیسا کہ قائد عوام نے ایک سے زیادہ بار زور دے کر کہا کہ ختم ہو چکے تھے۔ ہمیں نئے سرے سے تمام اداروں کی بنیادیں رکھنا تھیں۔ تمام اداروں کی تعمیر کرنا تھی۔ اس کیلئے وقت کی ضرورت ہے۔ کوشش کی ضرورت ہے۔ وسائل کی ضرورت ہے تو جناب والا۔ اس دو سال کے عرصے میں جمہوری اداروں کے قیام میں بھی اس ملک کے ان منتخب نمائندگان نے جو بہت دن پہلے ایوان کے اس طرف بیٹھے ہوئے تھے۔ اور کئی دنوں سے تشریف نہیں لائے۔ اور وہ کئی دنوں سے تشریف نہیں لائے۔ لوگوں نے ان کو اسلئے ووٹ نہیں دیئے تھے کہ وہ جمہوری اداروں کے قیام میں اپنا کردار ادا نہ کریں۔ مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ کسی جمہوری ملک میں اپوزیشن کو ایک اہم کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔ وہ بھی جمہوری اداروں کے قیام میں حکومت کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ لیکن اس ملک کی بدنصیبی یہ ہے کہ بہت سے حلقوں سے کچھ ایسے لوگ منتخب ہو کر آئے ہیں جنھوں نے یہ بھی ضروری نہیں سمجھا کہ وہ اپنے حلقہ کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنا نکتہ نظر پیش کریں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ خواہ مخواہ حکومت سے اتفاق ہی کریں بلکہ وہ اپنا نکتہ نظر بیان کریں۔ آج جب High Treason کا بل ہمارے سامنے ہے تو میں اس موقع پر قومی اسمبلی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یہ توقع رکھتا ہوں کہ یہ معزز ایوان اس بل کو منظور کرے گا۔ اور یہ دعا کرتا ہوں کہ آئیندہ اس ملک میں کوئی ایسی صورتحال پیدا نہ ہو کہ جس سے جمہوری اداروں کو خطرہ لاحق ہو۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: مسٹر غلام نبی خان۔

جناب آغا غلام نبی خان: *جناب چیئرمین اس ایوان میں اس بل پرکافی بحث ہو چکی ہے اور میرے خیال میں ہمارے تمام ممبران نے کافی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ جو تقاریر ہوئی ہیں ان کا بل کے ساتھ واسطہ کم اور ساری دنیا کے

*Speech not corrected by the honourable Member.

مرد اور عورتوں سے لیکر اسلام اور مذہب تک کو اس بحث میں گھسیٹا ہے۔ میرے خیال میں میں ادب کیساتھ آپ کو داد دیتا ہوں کہ آپ نے صبر کے ساتھ ان تمام باتوں کو سنا ہے۔ آئین ایک ملک کیلئے ایک بنیادی چیز ہے اور یہ ایک ملک کیلئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ ہم یہ بل پاس کر رہے ہیں کہ اگر کوئی اکیلا شخص یا کوئی جماعت طاقت کے ذریعہ آئین کو منسوخ کرے یا توڑ دے تو ان کو سزائے موت دی جائے۔ جیسا کہ میں سمجھتا ہوں کہ آئین وہ قانون ہے جس کے تحت ہم اس ملک میں رہتے ہوئے صبح و شام اپنی تمام زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور اگر کوئی اس قانون کو توڑے تو اسکو سزا ملتی ہے۔ اب ایک اکیلا آدمی بھی آئین بناتا ہے مثلاً بادشاہ اور شہنشاہ بھی ملک کو اپنا آئین دیتے ہیں۔ اور ایک ڈکٹیٹر بھی طاقت کے ذریعہ اپنا آئین ملک پر مسلط کرتا ہے۔ ایک قانون اور آئین وہ ہے جو عوام کے چنے ہوئے نمائندے ایک جگہ بیٹھ کر باہمی افہام و مشورہ کے ساتھ اسمبلی میں پاس کرتے ہیں۔ بادشاہوں اور ڈکٹیٹروں کا آئین بدلنا کوئی جرم نہیں ہے کیونکہ وہ اکیلا شخص طاقت کے ذریعہ آئین دیتا ہے۔ عوام کی مرضی کے خلاف اگر کوئی Individual آتا ہے اور قوم کی مرضی کے خلاف کوئی طاقت زبردستی ان پر تلوار لٹکا کر ان کے آئین کو منسوخ کرتا ہے تو میرے خیال میں انکو سزا ملنا چاہئیے۔ آج تک میں نے دیکھا ہے کہ دنیا میں اگر کوئی آئین کو توڑتا ہے تو وہ یا تو فوجی آدمی ہوتا ہے یا فوج کی مدد کیساتھ اس آئین کو توڑا جاتا ہے۔ آج ہم جو بل پاس کر رہے ہیں تو میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے آئین کو بھی دو مرتبہ فوج نے توڑا ہے۔ ایک مرتبہ ۱۹۵۶ء کے آئین کو اور دوسری مرتبہ ۱۹۶۲ء کے آئین کو جن لوگوں نے ہمارے آئین توڑے ہیں وہ فوجی سربراہ آج بھی ہمارے ملک میں موجود ہیں۔ اب اگر ہم سزا مقرر کرتے ہیں تو پھر سزا کون دے سکتا ہے۔ سزا تو اس وقت ہی مل سکتی ہے جب قانون بنانے والا طاقتور ہو۔ جب قانون کو توڑنے والے ہمارے ملک میں موجود ہیں تو پھر اس بل کو پاس کرنے کے بعد یکدم ان پر مقدمہ کیا جائے اور ان کو سزا دی جائے تاکہ آگے چل کر آئیندہ کسی وقت بھی کسی اور کو ایسا کرنے کی جرأت نہ ہو۔ ان لوگوں کو پھانسی ملنی چاہئیے تاکہ آئیندہ کوئی طاقتور آدمی اس جرم کو نہ دھرائے اور ان لوگوں کے حشر سے سبق سیکھے۔ باقی رہا یہ کہ جوزھری صاحب نے کہا ہے کہ ۱۹۵۱ء اور ۱۹۵۸ء میں جس کسی نے بھی ایسا کیا اسکا حشر بھی ہم نے دیکھا ہے۔ اس کو گورا قبرستان میں جگہ ملی ہے۔ اللہ نے اسکو کہیں اور جگہ نہیں دی۔ جس کی وجہ سے آج ہم ابتک اپنے پاؤں پر نہیں کھڑے ہو سکے وہ اب گورا قبرستان میں ہے۔ میں اپنی حکومت سے عرض کرونگا کہ آپ نے کچھ سزا دی ہے اور کیا سزا دے سکتے ہیں۔ اسکا نام ابتک چل رہا ہے۔ Public Places میں غلام محمد بیراج اور۔۔۔۔"

جناب خورشید حسن میر: بے شک میرے علم میں ہے اسکا نام تبدیل کرکے کوٹلی بیراج رکھ دیا گیا ہے۔

جناب آغا غلام نبی خان: *تو جس جگہ پر ایسے ظالموں کا کوئی نام ہو انکو مٹانا چاہئیے۔ یہ انکے لئے مرنے کے بعد کافی سزا ہے کہ انسان انکے نام سے نفرت کریں۔ ایسا

*Speech not corrected by the honourable Member.

[Agha Ghulam Nabi Khan]

نہ ہو کہ ہم اپنے کسی بیراج یا کسی کالج یا کسی پبلک Place کا نام ان کے نام پر رکھیں اور ہمارے نوجوان جنکو یہ پتہ نہ ہو کہ یہ کون تھا ، لازمی ہے کہ وہ سمجھیں گے کہ یہ ایک بڑا نیک شخص تھا ، ایک بہت بڑا آدمی تھا جس نے بیراج بنایا ، جس نے سکول بنایا ، جس نے کالج بنایا ۔ تو بجائے اسکے کہ ان سے نفرت کریں انکا اچھا خاصا ان پر اثر ہوگا ۔ تو ہمارے لئے یہ صحیح ہوگا کہ انکا نام و نشان مٹانا چاہئیے ویسے اللہ تعالیٰ نے انکو کافی سزا دے دی ہے کہ ہمارے مسلمانوں کے قبرستان میں نہیں ہے ۔ وہ غیروں کے قبرستان میں ہے ۔ تو اس وجہ سے میں عرض کرونگا کہ یہ بل پاس کیا جائے ۔

Mr. Chairman : Mr. Tahir had asked for the floor. If you do not mind, I will give him the floor. Yes, Mr. Tahir.

Mr. Tahir Mohammad Khan : *Thank you very much for the kindness.

جناب والا ۔ یوں تو میں اپنے تمام دوستوں اور ساتھیوں اور جناب منسٹر صاحب کے Ideas کو endorse کرتا ہوں اور جیسا کہ اس بل کی سپرٹ کو ، جیسا کہ اس بل کے Objectives کو میرے دوستوں نے دیکھا اور جس Angle سے دیکھا اور جس Angle سے اس ایوان کے سامنے بیان کیا ۔ تو میں نہیں سمجھتا کہ کوئی بھی تقریر Irrelevent تھی کیونکہ زندگی میں کسی بھی proposition کے اتنے سارے Shades ہوتے ہیں کہ ان سب Shades کو ہمیں دیکھنا پڑتا ہے بلکہ ہم جب عوام کے نمائندے بن کر اس مؤقر ایوان میں بیٹھتے ہیں تو ہمارا یہ کام ہے کہ اپنے احساسات کو یہاں بیان کریں تاکہ وہ اس ملک کے شہریوں تک پہنچ سکیں اور وہ دیکھیں کہ آیا ہم کس حد تک انکے جذبات اور احساسات کی نمائندگی کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ ہمارا دور جو ہے یہ مہذب دنیا کا دور ، یہ سلطانیٔ جمہور کا زمانہ یہ زمانہ اولیٰ اور وسطیٰ سے اس لئے منفرد ہے کہ یہاں ہم نے عوام کی خواہشات کو ، انکے احساسات کو ، انکی پسند کو اہمیت دی ہے ۔ اس لئے ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک فرد اپنی قوت سے ، اپنے قوت بازو سے یا کسی اور قوت کے بل بوتے پر برسراقتدار نہ آئے بلکہ یہ حق صرف عوام کو ہے کہ اپنے لئے نمائندے چنیں ، اپنی حکومت منتخب کریں اور وہ حکومت انکے احساسات اور انکی خواہشات کے مطابق اس ملک میں انکی خدمات انجام دے ۔ اس ملک میں اب بھی میں یہ سمجھتا ہوں بادشاہانہ ذہن رکھنے والے ، سردارانہ ذہن رکھنے والے ایسے لوگ موجود ہیں جو Surrender نہیں کر چکے ہیں عوام کے ان احساسات کو اور عوام کے جذبات کو ۔ وہ اب بھی یہ چاہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح سے ، کسی چور دروازے سے اقتدار کی کرسی تک پہنچ جائیں اور پھر جب کرسی پر پہنچیں گے تو اپنی کرسی کو مستحکم و مضبوط کرنے کی کوشش کریں گے ۔ اب جناب والا ۔ پیپلز پارٹی کو اس لئے اصول کے مطابق عوام نے منتخب کیا اور عوام نے پیپلز پارٹی کو یہ حق دیا ہے کہ وہ اس ملک میں ایک معین مدت تک عوام کی خدمت بجا لائے ۔ اب اگر اس تصور کو کوئی شخص اس ملک میں نہیں مانتا تو گویا وہ دستور کے تصور کو تسلیم نہیں کرتا ، وہ عوام کی حکمرانی کے تصور کو تسلیم نہیں کرتا ، وہ قانون کی

*Speech not corrected by the honourable Member.

سربلندی کے تصور کو تسلیم نہیں کرتا تو یہاں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ کچھ جماعتیں ایسی ہیں کہ جو civil disobedience کے نام سے تحریک چلا رہی ہیں اگر انکو عوام کی حکمرانی کا اور عوام کے احساسات کا پاس ہوتا تو وہ ایسا نہ کرتے۔ یہ ہمارا قانونی اور اخلاقی حق ہے کہ اس ملک میں چار، ساڑھے چار سال جو باقی رہتے ہیں عوام کی خدمت بجا لائیں ۔ تو اگر وہ اس اصول کو تسلیم کرتے ہیں تو disobedience چہ معنی دارد (اسکے کیا معنی ہیں) ۔ یہ ابھی تک reminiscent ہیں ۔ وہ پرانی جاگیرداری اور پرانی سرداری کے لوگ ہیں ۔ یہ ان وقتوں کے لوگ ہیں ۔ یہ ابھی تک عوام کی حکمرانی کے تصور کو تسلیم نہیں کر چکے ہیں ۔ اس لئے یہ کسی نہ کسی طریقہ سے کوئی نہ کوئی چور دروازہ تلاش کرتے ہیں کبھی civil disobedience کے نام سے اور کبھی یہ چاہتے ہیں کہ پولیس کے ذریعے سے اور فوج کے ذریعے سے کرسی اقتدار تک پہنچیں ۔ تو ہم نئے دور کے نئے تقاضوں کے علمبردار ہیں ، ہم نئی روشنی کے علمبردار ہیں ۔ پیپلز پارٹی نے عوام کے ساتھ جمہوریت کا ، عوام کے ساتھ عوام کی بالادستی کا وعدہ کیا تھا اور عوام کی بالادستی کے لئے جد وجہد کر رہی ہے تو اس لئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ صرف ہمارے یہ جو احساسات ہیں یہ دلوں میں نہ رہیں وہ قانون کی کتابوں پر بھی آ جائیں اور پیپلز پارٹی نے یہ بل ، پیپلز پارٹی کی حکومت نے یہ بل اس لئے پیش کیا کہ ہم بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اس کرسی پر غیر قانونی طریقے سے قائم نہیں رہنا چاہتے ، قابض نہیں رہنا چاہتے ، مسلط نہیں رہنا چاہتے اور اگر ہم مسلط رہنا چاہتے تو ہم خود یہ بل آج نہ لاتے کیونکہ اس ملک کی روایات تو یہ ہیں کہ جب انتخاب قریب آجائیں ۱۹۵۹ء میں انتخاب ہونا تھا تو ۱۹۵۸ء میں اسے abrogate کر دیا ، منسوخ کردیا تو ہم اسطرح ملک میں اپنا اقتدار چاہتے تو ہم یہ بل نہ بنا لاتے تو اسکا یہ مطلب ہے کہ ہم نے جو کچھ عوام سے کہا اس پر خلوص نیت سے ایمان رکھتے ہیں اور اس پر قائم و دائم ہیں ۔

جناب والا ۔ جسطرح اس اِسپرٹ کی میرے باقی ساتھیوں نے تائید کی ہے اور میں بھی اسکی تائید کرتا ہوں اور اسکے علاوہ دو ، چار گزارشات کرنا چاہتا ہوں ۔ چونکہ میرے ساتھی احسان صاحب نے چند گزارشات کی ہیں اس وقت ہمارے منسٹر صاحب تشریف نہیں رکھتے تھے تو اس continuation میں میں دو، چار گزارشات جنرل ڈیبیٹ میں میں کرونگا ۔ جناب والا ۔ اس میں دفعہ 2 ، کلاز 2 میں دو sub-clauses بیان کی ہیں ۔ پہلی کلاز یہ ہے کہ a person who is found guilty of having committed an act of abrogation or subversion of a Constitution in force in Pakistan at any time since the 23rd day of March, 1956 or

گویا کہ یہ الگ جرم بنا اور دوسرا جرم بنایا گیا ہے

of high treason as defined in Article 6 of the Constitution.

اس میں آرٹیکل ۶ کا حوالہ آ گیا ہے ۔ اس میں constitution کا آرٹیکل ۶ یہ کہتا ہے کہ

"Any person who abrogates or attempts or conspires to abrogate, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of Force or show of force or by other unconstitutional means shall be guilty of high treason.

[Agha Ghulam Nabi Khan]

اس میں سب کلاز ۲ ہے۔

Any person aiding or abetting the acts mentioned in clause (1) shall likewise be guilty of high treason."

جناب والا۔ یہ آرٹیکل ۶ بہت جامع ہے، مکمل ہے۔ یوں تو سب کلاز ۲ کے آنے کے بعد اگر سب کلاز ۲ کو یوں پڑھیں۔

A person who is guilty of a high treason as defined in Article 6 of the Constitution, shall be punishable with death or transportation.

تو بات مکمل ہو جاتی ہے۔ اس لحاظ سے جب ہم کلاز (۱) کو دیکھتے ہیں یہاں پر redundant or misplaced بظاہر یوں لکھتے ہیں کہ اس time period کو واضح کرنے کے لئے شروع کے کچھ الفاظ بڑھا دیئے گئے ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ شروع کے کچھ الفاظ

of having committed an act of abrogation or subversion of the Constitution

ہو کہ Independent clause لگ رہی ہے جو کہ Independent substantive offence بن رہا ہے۔ وہ substantive offence کے معنی نہیں بلکہ 23rd day of March, 1956 ایک substantive بات کہی گئی ہے۔ اگر اِس کا جائزہ لیا جاتا یا اگر محترم منسٹر صاحب اور لاء ڈیپارٹمنٹ اسکا جائزہ لیں تو یہ شروع کے الفاظ جو ہیں وہ غیر ضروری ہیں اور غیر ضروری الفاظ کا کسی قانون میں ہونا کچھ مستحسن نہیں ہے۔

دوسری بات جو جناب کی خدمت میں اس general debate میں گذارش کرونگا وہ یہ ہے کہ اس میں define نہیں کیا کہ کیا forum اور کون سا trial ہے اور اگر forum define کیا جاتا تو embodiment of the Act میں آ جاتا یعنی اس کے متن میں آ جاتا جو سزا زیادہ مناسب ہے وہ موت کی سزا ہے۔ یہ پولیٹیکل باتیں ہیں۔ تو general interpretation of law کو دیکھیں اس لحاظ سے جرم سرزد ہوا یا اس کے بعد any Magistrate can try the offence میں سمجھتا ہوں اس کی بجائے یعنی magisterial trials کی بجائے کوئی بہتر اور بلند تر forum رکھیں تو بہت مناسب ہوگا۔ یہ تجویز ہے تاکہ اس بل میں جو کمزوریاں ہیں وہ دور ہو سکیں۔ ویسے میں اس بل کی مکمل طور پر حمائیت کرتا ہوں۔ اور Law Department اس کا جائزہ لے۔ اور اگر یہ تجاویز مناسب ہیں تو ان کو کسی طرح incorporate کر دیا جائے۔

[At this stage the Chair was vacated by Mr. Chairman and occupied by Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan.)]

جناب ڈپٹی چیئرمین: مسٹر ظفر احمد قریشی:

جناب ظفر احمد قریشی:* جناب والا۔ اس معزز ایوان میں میں سرحد کی اکثریتی پارٹی کا رکن ہونے کی حیثیت سے اس بل کی پوری حمائیت کرتا ہوں۔ اور اس بل کے

---

*Speech not corrected by the honourable Member.

پیش کرنے پر ، جیسے میرے معزز دوستوں نے اور نیشنل اسمبلی کے ممبران نے اس بل کے مصنفین کو مبارکباد دی ہے ، میں بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ آئین بنتے بھی ہیں ۔ آئین میں ترامیم بھی ہوتی ہیں ۔ آئین بدلے بھی جا سکتے ہیں ۔ ہر دستوری حکومت میں اس ملک کا آئین خود اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ اگر حالات کے مطابق اس میں کسی قسم کی ترمیم کی ضرورت ہے تو اس کے لئے ایک طریقہ کار۔ ایک لائحہ عمل اس آئین کے اندر موجود ہوتا ہے ۔ لیکن اس ملک کی بدنصیبی یہ ہے کہ ہر دفعہ ہر اس شخص جس نے ساری قوم کے سامنے آئین کے تحفظ کا حلف اٹھایا ۔ جس نے آئین کے تحفظ کی قسم کھائی ۔ جب اس کے خود غرضانہ عزائم پورے نہ ہوئے تو اس نے اسی آئین کو معطل اور منسوخ کر دیا جس آئین کی اس نے قسم کھائی تھی ۔ پاکستانی قوم بھی ایک عرصہ سے ایسی بدنصیبی کا رونا رو رہی ہے ۔ لیکن ابتک ایسا کوئی موثر طریقہ نہیں تھا کہ ان لوگوں کو جنہوں نے قوم اور ملک سے بڑی غداری کی ہے ان کو کسی قسم کی سزا دی جا سکتی ۔ اب چونکہ یہ بل ہمارے سامنے آیا ہے اس میں یہ شق ہے کہ ایسے لوگ جو اس قانون کو abrogate کریں یا اس کے خلاف کام کریں یا اسے منسوخ کرنے کی کوشش کریں تو ان کو بڑی سے بڑی سزائے موت دی جا سکتی ہے ۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جہانتک میرے معزز دوست احسان الحق صاحب کا کہنا ہے کہ اس میں اتنا ہی کافی حد تک treason ہے کہ وہ تعریف جو Constitution میں کی گئی تھی اس کو incorportae کر دیا جاتا ۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ میں اس معزز ایوان کا زیادہ وقت لئے بغیر اپنے صوبے کے عوام کی طرف سے اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : راؤ صاحب ۔ آپ کچھ فرمائینگے ؟

راؤ عبدالستار : * جناب والا ۔ آج جو قرارداد اس معزز ایوان میں پیش کی گئی ہے کہ آئین جو ہے اس کو جو پاکستانی بھی توڑے گا اس کے لئے سزا مقرر کی گئی ہے ۔ میں اس کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں مختصراً یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس بدنصیب ملک میں ۲۵ سال تک اس آئین کے ساتھ جو کہ مہذب قوموں میں بہت مقدس دستاویز ہوتا ہے اس کے ساتھ مذاق کیا گیا ۔ ایسے حالات کیوں پیدا ہوئے ۔ ان کی کیا وجوہات تھیں ۔ جناب والا ۔ آپ ذرا پاکستان کی تاریخ پر نظر ڈالیں اور کچھ پیچھے دیکھیں کہ جب پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ اس کی پہلی Constituent Assembly forum ہوئی ۔ اس میں ایک قرارداد مقاصد جو 1949 میں پاس ہوئی جسے صرف ایک لائن میں Objective Resolution کا نام دیتے ہیں ۔ اس کے بعد اس اسمبلی نے کوئی کام نہیں کیا اور اس کام کو پائیہ تکمیل تک نہ پہنچایا ۔ جو فرض قوم نے ان کے سپرد کیا تھا اس کو انہوں نے نہیں نبھایا ۔ پاکستان

*Speech not corrected by the honourable Member.

[Rao Abdul Sattar]

کے لئے آئین بننا کوئی انوکھی اور نئی بات نہیں تھی۔ جناب والا۔ قائداعظم سے ، پاکستان بننے سے پہلے ، ایک دفعہ پریس والوں نے سوال کیا کہ پاکستان کا آئین کیا ہوگا ؟ تو انہوں نے فرمایا کہ پاکستان کا آئین موجود ہے۔ پاکستان کے پاس کتاب الٰہی موجود ہے اس میں مکمل آئین ہے۔ ہمیں کوئی ضرورت نہیں ۔ اس میں کوئی زیادہ عرصہ نہیں لیں گے۔ ہم فوراً اس آئین کو منظور کریں گے۔ لیکن افسوس ہے اور افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ پاکستان کے سیاستدان جو اسوقت برسر اقتدار تھے۔ جو ہماری Constituent Assembly کے ممبر تھے۔ انہوں نے اپنے مفاد کو دیکھا۔ انہوں نے غریب اور محنت کش کے مفادات کا کوئی خیال نہ رکھا۔ انہوں نے جب بھی دیکھا کہ ہمیں اس طریقے سے فائدہ پہنچتا ہے کہ آئین نہیں بننا چاہئیے تو انہوں نے آئین نہیں بننے دیا۔ جن حالات میں آئین بنایا بنایا مثلاً ۱۹۵۴ء میں آئین بنا اسکی منظوری نہ ملی۔ ۱۹۵۶ء میں آئین بنایا گیا جسکو محمد علی کا آئین کہتے ہیں۔ اس میں محنت کش عوام کی کوئی آواز نہیں تھی۔ اس میں کوئی عوامی نمائیندگی نہیں تھی۔ اس کے ساتھ کیا ہوا۔ اس کے ساتھ بھی یہی ہوا کہ جب ایک ڈکٹیٹر نے دیکھا کہ یہ آئین ہماری خواہش کے مطابق نہیں ہے۔ میں کہونگا کہ عوام کی ترجمانی نہیں کرتا تھا۔ تو اس نے اس آئین کو یعنی سکندر مرزا نے ایوب خاں کے ساتھ سازش کرکے اس آئین کو ختم کر دیا۔ یہ ملک کی بڑی بدقسمتی ہوئی ہے۔ میرے دوست جناب ظفراحمد قریشی صاحب نے ٹھیک کہا ہے کہ آئین میں ترمیم ہو سکتی ہے۔ لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ایک قلم سے آئین کو ختم کر دیا جائے۔ آئین جو ہوتا ہے یہ مہذب قوموں کا dress اور پہناوا ہوتا ہے۔ اگر ہمارے پاس آئین نہیں تو اہم مہذب قوموں کی صف میں نہیں بیٹھ سکتے۔ ہمارے ساتھ بغیر آئین وہی سلوک ہوگا جیسا کہ بغیر کپڑے پہنے ہوئے آدمی کسی میٹنگ میں شریک ہوتا ہے۔

جناب والا۔ صرف چند مفاد پرست ٹولوں نے اس ملک کو کافی عرصے سے آئین سے محروم رکھا۔ انہوں نے عوام کے جذبات کے خلاف اور اپنی ہوس کو برقرار رکھتے ہوئے اس کو ختم کر دیا۔ ۱۹۵۶ء کے بعد ۱۹۶۲ء میں ہمیں ایک آئین دیا گیا۔ اس کے متعلق یہ کہا گیا کہ یہ آئین ایسا ہے جیسے لائل پور کا گھنٹہ گھر کہ جدھر دیکھو ایوب خاں ہی ایوب خاں نظر آتا ہے۔ کہ ایک ہی آمر آدمی کے پاس سارے اختیارات ہیں۔ اس کے بعد دوسرا آمر آیا۔ اس نے اس آئین کو ختم کر دیا۔ یہ ہماری بدقسمتی تھی۔ اگر اس ملک میں آئین ہوتا تو ان حالات کا سامنا نہ کرنا پڑتا اور یہ آدھا ملک ہم سے نہ جاتا۔ اس لئے یہ قانون جو اس ایوان میں لایا گیا ہے میں اسکی تائید کرتا ہوں۔ اگر یہ قانون منظور ہو جائے تو بہت بہتر ہوگا کیونکہ یہ آئین عوام کا دیا ہوا ہے۔ عوام کے نمائندوں کا بنایا ہوا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے پروگرام اور منشور کے مطابق آئین بنایا گیا ہے۔ جسکے پاکستانی عوام ۲۵ سال سے منتظر تھے۔ تاکہ محنت کش عوام کی ترجمانی ہو سکے۔ ان کے مفادات کا خیال رکھا جائے۔ اس ملک سے استحصال ختم ہو۔ اس ملک سے جاگیرداری اجارہ داری اور سرمایہ داری کا خاتمہ ہو۔ وہ ساری چیزیں اس آئین میں موجود ہیں۔ اس آئین میں ہر آدمی کے لئے یکساں مواقع مہیا کئے گئے ہیں۔

جناب والا - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں اور جتنی جلدی ہو یہ بل منظور کیا جائے۔ تا کہ پھر کوئی ایسا عوام دشمن شخص پیدا نہ ہو سکے جو اس آئین کو منسوخ یا ختم کرنے کی سازش کر سکے - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں میر صاحب اپنا right of reply استعمال کریں -

جناب خورشید حسن میر : *جناب والا ! میں آنریبل اراکین کا بے حد شکر گذار ہوں جنھوں نے کہ اس بحث میں حصہ لیا - یہ ایک بہت اہم اور ایک تاریخی بل ہے۔ *اس کے سلسلے میں ہمارے ملک میں کیونکر جمہوریت ختم ہوئی ، کیونکر آئین کی حکومت ختم ہوئی ، کیا کچھ ہوا اور اس کے بعد کن کن خطرات کو ہمیں ملحوظ رکھنا ہے ، کیونکر ہمیں جمہوریت کی پزیرائی کرنی ہے ، کیونکر ہمیں جمہوری اداروں کی حفاظت کرنی ہے - یہ ایک اتنا وسیع موضوع تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ اس پر جو تقریریں کی گیئں وہ irrelevant تھیں - میں اپنے ایک آنریبل ممبر سے اختلاف کرتا ہوں جنھوں نے یہ فرمایا کہ irrelevant تقریریں ہوئی ہیں اور موضوع بحث پر نہیں ہوئیں - میں اُن سے اختلاف کرتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ ساری کی ساری تقریریں جو کی گئیں وہ عین موضوع پر تھیں - جناب والا ! میں اس سلسلے میں کچھ اور مزید کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ، لیکن ایک سوال جو اٹھایا گیا ، اس کے بارے میں کچھ وضاحت ضروری ہے - دو سوال اٹھائے گئے۔اول یہ کہ اس میں آئین کی تخریب اور منسوخی کے متعلق تو مجرم قرار دے کر اس کی سزا رکھی گئی ہے - لیکن ملک کو توڑنے کے بارے میں سزا نہیں رکھی گئی - میں اپنے ساتھیوں اور آنریبل حضرات سے یہ مودبانہ التماس کروں گا کہ یہ انداز فکر صدائے باز گشت ہے دائیں بازو اور حزب اختلاف کی طرف سے ہمارے اس اہم کام کی اہمیت کو کم کر کے دکھانے کی دیدہ و دانستہ کوشش ، میں تو یہاں تک کہوں گا کہ بددیانتی سے کی گئی تنقید کی باز گشت جو انہوں نے مؤقف اختیار کر رکھا ہے، اُن کا مقصد کیا ہے ؟ وہ یہ پروپیگنڈہ کرتے پھرتے ہیں کہ جو شخص بھی بنگلہ دیش کو منظور کرے گا وہ ملک کو توڑے گا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : اصل میں میر نبی بخش زہری صاحب نے جو تنقید کی تھی ، وہ بلوچستان کے context میں تھی ، کہ وہ لوگ جو چار قومیتوں کی اور seprate states کی بات کرتے ہیں -

جناب خورشید حسن میر : جناب والا ، میں سمجھتا ہوں ، میں بالکل سمجھتا ہوں !

میر نبی بخش زہری : یہ بد دیانتی کے الفاظ کو واپس لیں - کوئی بددیانت نہیں ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ کو کسی نے نہیں کہا - میرے خیال میں " بددیانتی " غیر پارلیمانی نہیں تاہم آپ کے متعلق آنھوں نے نہیں کہا -

میر نبی بخش زہری : " بددیانتی " کا لفظ واپس لیں - میں بددیانت نہیں ہوں -

*Speech not corrected by the honourable Member.

جناب خورشید حسن میر: جناب والا ! میں آپ کی اجازت سے دہرا دیتا ہوں۔
آنریبل ممبر نے بات توجہ سے نہیں سنی۔ میں دہراتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ
ں ممبر بلوچستان کے حوالے سے بات کر رہے تھے۔ لیکن بات آئین اور قانون کی ہے۔
نے جو عرض کیا ہے وہ یہ ہے کہ دائیں بازو کی طرف سے اور حزب اختلاف کی طرف سے
ے اس اہم کام کی اہمیت کو کم کرکے دکھانے کی ....

میر نبی بخش زہری: جناب چیئرمین صاحب ! اب ان باتوں کی وضاحت اس لئے
ی ہے کہ چونکہ انہوں نے دایاں اور بایاں بازو کرکے کہا ہے اور یہ بھی کہہ دیا کہ
دیانتی پر مبنی ہے..........

جناب خورشید حسن میر: بات دہرانے سے کیا فائدہ ہے۔ اگر آنریبل ممبر
وس کریں گے کہ واپس لوں، تو میں واپس لوں گا۔ لیکن مجھے دہرانے تو دیں۔
لفظ بہ لفظ دہراتا ہوں۔

میر نبی بخش زہری: مجھے چیئرمین صاحب سے اجازت ملی ہے ....

جناب ڈپٹی چیئرمین: میر صاحب آپ تشریف رکھیں۔ میں آپ کو بتاتا ہوں
آپ مطمئن نہیں ہوئے ....

جناب خورشید حسن میر: پہلے بات تو سنیئے، میں نے جو کہا ہے.....

جناب ڈپٹی چیئرمین: معزز منسٹر نے جو کچھ کہا ہے کہ دائیں بازو کی بعض
یں، جو غیر دیانتدارانہ انداز سے ہمارے اس قانون کو اس انداز سے Project
رہے ہیں کہ ہم قانون کو تو بچا رہے ہیں، ملک کو نہیں بچا رہے، وہ بددیانتی کر
یں۔ آپ کے بارے میں اُنہوں نے نہیں کہا ہے۔

میر نبی بخش زہری: عرض یہ ہے کہ اپوزیشن دائیں بازو کی ہے، وہ تو موجود
۔ بحث تو ہم لوگوں نے کی ہے۔ وہ کیسے مراد اُن کی لی جاسکتی ہے؟۔ بلکہ
ریکارڈ کو دیکھ لیجیے، یہ میں نے کہا تھا اور یہ بات ٹھیک ہے بالکل کہ ملک کے
نے کے متعلق قانون اس قسم کا بنایا جائے۔ ......

جناب خورشید حسن میر: سر! میں ان کی تسلی کے لیے واپس لیتا ہوں۔ اس
جھگڑنے میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے ؟ کیوں شک رہے کسی آنریبل ممبر کو خواہ
خواہ جب کہ میں نے ان کے بارے میں کہا ہی نہیں۔ میں واپس لیتا ہوں لیکن بات
یں دوبارہ دہراتا ہوں، آپ غور سے سن لیجیے کہ میں نے جو عرض کی ہے وہ کیا ہے
ں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ احساس صدائے بازگشت ہے اس تنقید کی۔ ....

میر نبی بخش زہری: میں کہتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے کہ ملک میں ایسے دشمن
یں جو ملک کو توڑنا چاہتے ہیں، وہ غدار ہیں۔ ....

جناب خورشید حسن میر: اس بارے میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں۔ اس میں
کہاں اختلاف ہے ؟ تو جناب میں پہلے قانونی پوزیشن واضح کردوں کسی آنریبل

ممبر کو کوئی شک نہ رہے گا۔ قانون یہ ہے۔ پینل کوڈ میں وہ جرم موجود ہے۔ اس کے لیے نیا قانون لانے کی ضرورت نہیں۔ پینل کوڈ میں treason کی Definition موجود ہے۔ اس کے لیے سزا اس وقت دی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے کسی نئے آئین میں کچھ بات لکھنے کی یا نیا قانون لانے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔ اب آپ کو تسلی ہوگئی۔...............

